ٹرانسفر نیوز (منتقلی کی خبریں) - ایڈیشن 2 - جنوری 2022
ویسٹ آف سکاٹ لینڈ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے ساتھ منتقلی کے منصوبے - تازہ ترین معلومات (اپ ڈیٹ)

ٹرانسفر نیوز کے دوسرے ایڈیشن پر خوش آمدید جو آپ کو ہماری تجویز کردہ ویسٹ آف سکاٹ لینڈ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کو ٹرانسفر آف انگیجمنٹس (اپنے تمام مکانات اور مفادات وغیرہ کی منتقلی) کے سلسلے میں ہونے والی پیش رفت کے بارے میں تازہ ترین صورت حال سے آگاہ رکھتا ہے۔ ہمارے پہلے نیوز لیٹر میں مختصراً بتایا گیا تھا کہ ہم کسی دوسری ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کو کیوں منتقلی کرنا چاہتے ہیں، اپنے منتخب کردہ پارٹنر کا ایک جائزہ لیا گیا تھا، اور وہ فوائد بیان کیے گئے تھے جو ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

جیسا کہ ٹرانسفر نیوز ایڈیشن 1 میں واضح کیا گیا تھا کہ اگر منتقلی کے لیے مشترکہ بزنس کیس پر اتفاق ہو جاتا ہے تو پھر ہم منتقلی کی پیشکش پر اور آپ کے لیے اس کا کیا مطلب ہے اس بارے میں باضابطہ گہرائی سے مشاورت کریں گے۔ اس پیشکش کو شکل دینے میں ہماری مدد کرنے کے لیے، ہم نے آپ کو ایک سروے مکمل کرنے کی دعوت دی تا کہ آپ ہمیں بتائیں کہ آپ کے لیے کیا اہم ہے اور آپ کو ایک نئے فوکس گروپ میں شامل ہونے کے لیے مدعو کیا تا کہ منتقلی کے منصوبوں کی تشکیل میں مدد کی جا سکے۔ ہر ایک کا شکریہ جنہوں نے جواب دینے اور ہمارے فوکس گروپس میں حصہ لینے کے لیے وقت نکالا – آپ کی رائے حاصل کرنا بہت اچھا تھا۔

آپ کے خیالات - سروے سے حاصل ہونے والی رائے (فیڈ بیک)

ہم نے تمام کرایہ داروں اور فیکٹرڈ مالکان کو ڈاک اور ٹیکسٹ کے ذریعے ٹرانسفر نیوز اور سروے جاری کیا۔ ہمیں 154 جوابات موصول ہوئے (جیسا کہ 22 دسمبر 2021 تک) جو کہ اس طرح ہیں؛

- کرایہ دار – 55% (83 جواب دہندگان)
- فیکٹرڈ مالکان – 40% (61 جواب دہندگان)
- شیئر ہولڈنگ ممبر – 1% (2 جواب دہندگان)
- دیگر (اس میں مشترکہ مالکان بھی شامل ہیں) – 4% (6 جواب دہندگان)

ہم نے اپنی منتقلی کی ترجیحات اس طرح بتائی تھیں:

- ✓ اس بات کو یقینی بنانا کہ کرائے استطاعت کے مطابق رہیں۔
- ✓ اس بات کو یقینی بنانا کہ سروس چارجز صاف اور واضح ہوں اور کنٹریکٹرز (ٹھیکیداروں) کا مؤثر طریقے سے انتظام کیا جائے کہ وہ اچھی خدمات فراہم کریں جو خرچ کی جانے والی رقم کے لحاظ سے قابل قدر ہوں۔
- ✓ ہمارے گھروں میں بہت ضروری کام کی فراہمی کے لیے سرمایہ کاری کے پروگرام کو تیز کرنا اور بہتر بنانا۔
- ✓ بیرونی ماحول کے انتظام اور طبعی حالت کو بہتر بنانا۔
- ✓ ایک مضبوط اور مثبت ثقافت کو یقینی بنانا جو صارف (کسٹمر) کی فوقیت پر توجہ مرکوز کرتی ہو۔
- ✓ ایسے وقت اور مقام پر اور ایسے طریقے سے عملے اور خدمات تک زیادہ رسائی جو کرایہ داروں اور فیکٹرڈ مالکان کی ضروریات کے مطابق ہو۔
- ✓ ایک معیاری فیکٹرنگ سروس فراہم کرنا جو اُس پر خرچ کی جانے والی رقم کے لحاظ سے قابل قدر ہو۔
- ✓ کرایہ داروں کی زندگی کے مواقع کو بہتر بنانے اور ان کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرنے کے لیے وسیع تر امدادی خدمات کی پیشکش کرنا۔

ہم نے آپ سے پوچھا کہ کیا ہماری منتقلی کی ترجیحات اُن ترجیحات کی عکاسی کرتی ہیں جو چیئرنگ کراس ہاؤسنگ ایسوسی ایشن (CXHA) کے صارف کے طور پر آپ کے خیال میں آپ کے لیے اہم ترین ترجیحات ہیں؟ آپ نے کہا:

- ہاں – 74% (111 جواب دہندگان)

- نہیں – 7% (10 جواب دہندگان)
- غیر یقینی – 20% (30 جواب دہندگان)

اس سے یہ تصدیق ہوتی ہے کہ جواب دہندگان کی اکثریت نے اس بات سے اتفاق کیا کہ ہم نے منتقلی کی درست ترجیحات کی نشاندہی کی ہے۔ ہم منتقلی کی پیشکش کی مزید تفصیلات اگلے ہفتوں میں بتائیں گے۔

ہم نے آپ کو بتایا تھا کہ ویسٹ آف سکاٹ لینڈ نے صارفین کو ساتھ شامل کرنے اور صارفین کے ساتھ مل کرکام کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے تا کہ انہیں موصول ہونے والی خدمات پر حقیقی اثر و رسوخ فراہم کیا جا سکے۔

ہم نے آپ سے پوچھا کہ آپ کے خیال میں منتقلی کے بعد مندرجہ ذیل میں سے کون سی چیزیں صارفین کی مضبوط آواز کو یقینی بناتی ہیں؟

صارفین کے سرویز – 47% (60 جواب دہندگان)
نئے مقامی کرایہ داروں اور رہائشیوں کے گروپس – 44% (56 جواب دہندگان)
صارفین کے ڈراپ ان سیشنز – 34% (43 جواب دہندگان)
کسٹمر کمیونٹی گروپس – 20% (25 جواب دہندگان)
مختصر عرصے کے کسٹمر فوکس گروپس – 18% (23 جواب دہندگان)

ہم نے اس بارے میں پوچھا کہ صارفین کس قسم کی کمیونٹی سپورٹ سروسز کا دستیاب ہونا دیکھنا چاہیں گے:
آپ نے کہا:

- پہلے بنیادی (کور) سروسز کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔
- سند یافتہ (کوالیفائیڈ) عملے سے فلاح و بہبود، توانائی اور پیسوں کے بارے میں مشورہ
- تیسرے (رفاہی) شعبے کی دیگر تنظیموں کے ساتھ بہتر شراکت داری
- بڑی عمر کے رہائشیوں کے لیے سماجی سرگرمیاں خاص طور پر تہوار کے عرصے کے دوران
- بڑے گھریلو سامان کو اُٹھانے (بلک اپ لفٹ) کی سروس فراہم کرنا
- ڈیجیٹل سپورٹ سروسز
- جب کرایہ دار گھر منتقل کر رہے ہوں اُس وقت مدد
- کرایہ داری کے معاملات پر قانونی مشورے تک رسائی
- اپ سائیکلنگ (پرانی یا ناکارہ اشیاء کو کارآمد بنانے) کی سروس

- ایمینیٹی بلاکس میں بہتر کلیڈنگ انسولیشن
- راہداریوں کے لیے کمیونل ہیٹنگ چارج (مشترکہ حرارتی لاگت) ادا کرنے کی ذمہ داری نہیں ہونی چاہیے۔
- مشترکہ جگہوں (کمیونل ایریا) کی صفائی، بنوں کی صفائی، قالینوں اور کھڑکیوں کی صفائی کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔
- کسی بھی قسم کے مسائل کی نشاندہی کرنے یا بہتری کے لیے سال میں کم از کم ایک بار کرایہ داروں کی عملے کے ساتھ میٹنگز

"دیکھ بھال (مینٹیننس) کے مسائل کو ترجیح دی جانی چاہیے"
"سرمایہ کاری کے پروگرام سے نمٹنے کا مطلب یہ ہونا چاہیے کہ ایسے کنٹریکٹرز کو استعمال کرنا جو معیار فراہم کرتے ہیں"
"ہینڈی پرسن سروس ایک بہترین آئیڈیا ہے۔"
"بلڈنگ/بیرونی کمیونل جگہوں کے منصوبہ بندی کے تحت مینٹیننس کے سروے اور کاروائی کے لیے ترجیحات شامل ہونی چاہئیں۔"
"سٹاک (عمارات وغیرہ) کی دیکھ بھال اور مرمت کو بہتر بنانے کی ترجیح کے طور پر نشاندہی کی جانی چاہیے۔"
"کمیونٹی کی حفاظت اور سماجی ہم آہنگی میں مدد دینے کے لیے پولیس سکاٹ لینڈ اور مقامی تنظیموں جیسے گارنٹ ہل کمیونٹی سینٹر، ووڈ لینڈز کمیونٹی ٹرسٹ/فلرش ہاؤس وغیرہ کے ساتھ مزید شراکت داریوں کو فروغ دیا جائے۔"

فوکس گروپ فیڈ بیک

ہم نے 6 دسمبر کو دو آن لائن فوکس گروپس منعقد کیے جس میں ملے جُلے کرایہ داروں اور فیکٹرڈ مالکان نے شرکت کی۔ آپ صفحہ 7 پر اگلے تجویز کردہ فوکس گروپس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

فوکس گروپس نے کہا:
فوکس گروپس کے خیالات

فوکس گروپ کے اراکین کا خیال ہے کہ مکمل کرایہ ادا کرنے والوں کے لیے کرائے قابل برداشت ہیں، تاہم مشورہ دیا کہ کئی اصلاحات کی ضرورت ہے۔

سروس چارجز:

- 150 پونڈ فی مہینہ مہنگے ہیں
- سروسز ہمیشہ موصول نہیں ہوتیں
- سروسز کی ہمیشہ ضرورت نہیں ہوتی

ہاؤسنگ میں سرمایہ کاری کی ترجیحات :

- نئی کھڑکیاں
- شاورز

کرایہ کی استطاعت:

- اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ کرائے استطاعت کے مطابق رہیں خاص طور پر چھوٹے مکانات کے لیے
- کیا چیئرنگ کراس کا کرایہ مقرر کرنے کا طریق کار منصفانہ ہے

خبر رسانی (کمیونیکیشن):

- فیصلہ سازی میں واضح کمیونیکیشن اور شفافیت
- بار بار اٹھائے گئے اقدامات کے سلسلے میں پیش رفت کی کمی
- نسلی اقلیتی کرایہ داروں کے ساتھ کمیونیکیشن کے طریقوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔

دفتری اوقات سے باہر مرمت کی سروس:

- بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

شیلٹرڈ ہاؤسنگ:

- کووڈ کے تمام عرصے کے دوران چیئرنگ کراس کی طرف سے شیلٹرڈ کرایہ داروں کی مدد بہترطور پر ہو سکتی تھی۔
- شیلٹرڈ بلاکس میں ہیٹنگ سسٹم کے آپریشن کا جائزہ لیں۔

فیکٹرنگ سروسز

- فیکٹرنگ سروسز اور رسیدوں (انوائسز) میں واضح ہونے کی ضرورت ہے۔

اسٹیٹ مینجمنٹ

- عام ماحول ناقص ہے اور سرمایہ کاری کی ضرورت ہے

دیگر:

شرکاء نے مندرجہ ذیل میں دلچسپی کی نشاندہی کی

- ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی طرف سے پیش کردہ اضافی سروسز جیسے ہینڈی پرسن سروس۔
- مالک کا ایک فورم قائم کیا جا رہا ہے۔

منتقلی کے منصوبوں پر پیش رفت کے بارے میں معلومات

پچھلے چند مہینوں کے دوران، ہم ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کے ساتھ بہت قربت میں منتقلی سے متعلقہ مختلف اہم کاموں پر کام کرتے رہے ہیں:

•سروے کے نتائج اور نئے فوکس گروپس کی رائے کا جائزہ لینا تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کرایہ داروں اور رہائشیوں کے خیالات منتقلی کے منصوبوں کو تشکیل دے رہے ہیں۔

•چیئرنگ کراس اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی ضروری قانونی اور مالی جانچیں (جسے "ڈیو ڈیلیجنس" کہا جاتا ہے) کرنا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ دونوں تنظیمیں ایک دوسرے کو سمجھتی ہیں اور اس بات کی تصدیق کرتی ہیں کہ ایسے کوئی مسائل نہیں ہیں جو منتقلی کے ہونے کو روکیں گے۔

•مشترکہ ٹرانسفر بزنس کیس تیار کرنا جس میں منتقلی کے فوائد کا وہ پیکج شامل ہو گا جس کے لیے ویسٹ آف سکاٹ لینڈ منتقلی ہونے کی صورت میں وعدہ کر رہی ہے اور ان کے لیے ادائیگی کیسے کی جائے گی۔

ٹرانسفر بزنس کیس کیا ہے؟

ٹرانسفر بزنس کیس ہمارے لیے ایک بہت اہم دستاویز ہے۔ اس کے اندر، ہم ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی طرف سے پیش کی جانے والی شراکت داری کی ابتدائی عرضداشت کو لیتے ہیں اور اسے منتقلی کے وعدوں کے ایک تفصیلی سیٹ کی صورت میں منظم کرتے ہیں جو کہ اگر چیئرنگ کراس کے کرایہ دار منتقلی کے عمل کی حمایت کرتے ہیں تو اُنھیں پورا کیا جائے گا۔ ہم ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کے ساتھ بہت محنت سے کام کر رہے ہیں تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی طرف سے منتقلی کے وعدے اُس فیڈ بیک پر مبنی ہوں جو آپ نے اب تک ہمیں دی ہے۔

بزنس کیس یہ بھی واضح طور پر بیان کرے گا کہ اگر منتقلی نہیں ہوتی ہے تو کیا ہوتا ہے۔ اس سے یہ ہو گا کہ جب باضابطہ مشاورت اور کرایہ داروں کی رائے دہی کا وقت آئے گا تو کرایہ دار واضح انتخاب کر سکیں گے۔ چیئرنگ کراس کی مینجمنٹ کمیٹی اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کا بورڈ بزنس کیس کا ابتدائی جائزہ لیتے رہے ہیں۔ اس سے ہمیں امید ہے کہ یہ دونوں گورننگ باڈیز فروری 2022 میں ہونے والی اپنی میٹنگز میں بزنس کیس کی باضابطہ منظوری دینے کے قابل ہوں گی۔

چیئرنگ کراس کے کرایہ داروں کی طرف سے ٹیننٹ انفارمیشن سروس (TIS) بھی بزنس کیس کا آزادانہ جائزہ لے گی - ان کے کام کی تفصیلات ذیل میں بیان کی گئی ہیں۔ اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ کرایہ داروں کے تمام وعدے جو تجویز کیے جا رہے ہیں وہ کرایہ داروں کی خواہش کے مطابق ہیں اور اگر منتقلی ہو جاتی ہے تو اس کے لیے ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ تجویز کے بارے میں کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی ٹیننٹ انفارمیشن سروس کو دفتری اوقات کے دوران مفت فون 0800 488 0982 پر کال کریں۔ سکاٹش ہاؤسنگ ریگولیٹر(SHR) بھی بزنس کیس کا جائزہ لے گا، جس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ منتقلی کی تجویز موجودہ اور مستقبل کے کرایہ داروں کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے اور اُن کے لیے مفید ہے۔

آگے کیا ہوتا ہے؟

سروے اور فوکس گروپس میں دی گئی فیڈ بیک کو منتقلی کی پیشکش (ٹرانسفر آفر) کو حتمی شکل دینے کے لیے استعمال کیا جائے گا جسے پھر بزنس کیس میں شامل کیا جائے گا جس کی چیئرنگ کراس کی مینجمنٹ کمیٹی اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کے بورڈ کی طرف سے منظوری ضروری ہو گی۔

ہم اب تک اچھی پیش رفت کر رہے ہیں اور آپ کی مدد سے ہم اس قابل ہوئے ہیں کہ کاروباری کیس میں شامل کرنے کے لیے منتقلی کی واضح ترجیحات کی نشاندہی کر سکیں۔ ہماری مشترکہ ٹیمیں 'پس منظر میں' محنت کر رہی ہیں تا کہ ڈیو ڈیلیجنس کی شرائط کو مکمل کیا جا سکے اور بزنس کیس کو حتمی شکل دی جا سکے۔ اس کام کو مکمل کرنا ہمیں اگلے مرحلے پر جانے کے قابل بنائے گا – یعنی کرایہ داروں کے ساتھ منتقلی کی تجویز کے بارے میں باضابطہ مشاورت کرنا۔ وہ اہم تاریخیں جن کے لیے ہم اس وقت کام کر رہے ہیں (اور یہ تبدیل ہو سکتی ہیں) مندرجہ ذیل ہیں:

فروری 2022 کے شروع میں

ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی طرف سے آنے والی پیشکش کو سننے کے لیے ٹرانسفر فوکس گروپ میٹنگز کا دوسرا دور

فروری 2022 کے آخر میں

چیئرنگ کراس اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی گورننگ باڈیز حتمی ٹرانسفر بزنس کیس اور اس میں موجود چیئرنگ کراس کے کرایہ داروں کے لیے تفصیلی پیشکش پر غور کرتی ہیں اور اس کی منظوری دیتی ہیں۔
ٹیننٹ انفارمیشن سروس اور سکاٹش ہاؤسنگ ریگولیٹر بزنس کیس کا جائزہ لیتے ہیں تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ پراعتماد ہیں کہ موجودہ اور مستقبل کے کرایہ داروں کے مفادات محفوظ ہیں۔

مارچ 2022

کرایہ داروں کے ساتھ باضابطہ مشاورت کا مرحلہ 1 شروع ہوتا ہے۔ یہ تمام کرایہ داروں کو ایک نوٹس جاری کرنے کے ساتھ شروع ہو گا (اور فیکٹرڈ مالکان اور شیئر ہولڈنگ ممبران کو کاپی بھیجی جائے گی) ان تمام معلومات کے ساتھ جن کی آپ کو منتقلی کے عمل کے بارے میں ضرورت ہو گی۔ ہم کرایہ داروں سے ملاقاتیں کرنا بھی شروع کریں گے اور منتقلی کے بارے میں تبادلہ خیال کرنے کے لیے مقامی میٹنگز کریں گے (ہمیشہ کووڈ ہدایات پر عمل کرتے ہوئے)۔

اپریل 2022

چیئرنگ کراس کی مینجمنٹ کمیٹی اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کا بورڈ مرحلہ 1 میں دی گئی رائے پر غور کرتے ہیں۔ اگر یہ بہت مثبت ہے تو تمام کرایہ داروں کو مرحلہ 2 کا نوٹس بھیجا جاتا ہے (اور اس کی کاپی فیکٹرڈ مالکان اور شیئر ہولڈنگ ممبران کو بھیجی جاتی ہے) تا کہ مرحلہ 1 کے نتائج اور مشاورت کے نتیجے میں منصوبوں میں ہونے والی کسی بھی قسم کی تبدیلیوں کے بارے میں بتایا جا سکے اور یہ بتایا جا سکے کہ کرایہ داروں کی رائے شماری کرائی جائے گی۔

مئی 2022

ٹرانسفر آف انگیجمنٹس (تمام مکانات اور مفادات وغیرہ کی منتقلی) پر کرایہ داروں کی رائے شماری - یہ اس وقت ہوتا ہے جب چیئرنگ کراس ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کا ہر وہ کرایہ دار جو سکاٹش سیکیور ٹیننسی (سکاٹش محفوظ کرایہ داری) کا حامل ہے وہ منتقلی کی تجویز پر ووٹ دیتا ہے۔ مرحلہ 1 کی طرح، ہم تمام کرایہ داروں سے ملاقات کریں گے تا کہ ہر ایک کو ترغیب دی جائے کہ وہ اپنا ووٹ ڈالے اور بہت اہم فیصلوں میں اپنی رائے دے (ہمیشہ کووڈ سے متعلقہ رہنما ہدایات پر عمل کرتے ہوئے)۔ ہم منتقلی کی حمایت کرنے کے لیے رائے شماری میں بلند حاضری اور ایک بڑی تعداد میں ہاں (YES) ووٹ مانگیں گے۔

جون اور جولائی 2022

اگر بیلٹ مثبت ہے تو پھر ہمیں اس بات کی ضرورت ہو گی کہ چیئرنگ کراس کے شیئر ہولڈنگ ممبران دو سپیشل جنرل میٹنگز(SGM) جو کہ قانون کے مطابق ضروری ہیں میں حاضر ہو کر اور منتقلی کی حمایت میں ووٹ دے کر اپنا کردار ادا کریں۔

اگست 2022

اگر شیئر ہولڈرز سپیشل جنرل میٹنگز میں منتقلی کی حمایت کرتے ہیں تو پھر ہم منتقلی کو فائنانشل کنڈکٹ اتھارٹی (FCA)کے ساتھ رجسٹر کرنے کے لیے درخواست دیتے ہیں اور جب ایسا ہوتا ہے تو ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کو ٹرانسفر آف انگیجمنٹس مکمل ہو جاتی ہے۔

- اس مرحلے پر، چیئرنگ کراس کے کرایہ دار اپنے تمام موجودہ حقوق کے تحفظ کے ساتھ ویسٹ آف سکاٹ لینڈ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے کرایہ دار بن جائیں گے۔
- فیکٹر کا کام ویسٹ آف سکاٹ لینڈ ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کو منتقل ہو جاتا ہے جس میں فیکٹرڈ مالکان کے حقوق اور ذمہ داریاں وہی رہتی ہیں۔
- ہمارا عملہ ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کے ملازمین بن جاتے ہیں اور ان کی شرائط و ضوابط محفوظ رہتے ہیں۔

اپنی رائے دیں
آپ کا انڈیپینڈنٹ ٹیننٹ ایڈوائزر (کرایہ داروں کا آزاد/ غیرجانبدار مشیر)

ٹیننٹس انفارمیشن سروس (TIS) کو کرایہ داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے انڈیپینڈنٹ ٹیننٹ ایڈوائزر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے پاس وہ تمام معلومات ہوں جن کی آپ کو ضرورت ہے، اور آپ کو ٹرانسفر آف انگیجمنٹس کے مضمرات کو سمجھنے کے لیے پورے عمل کے دوران معاونت فراہم کی جائے۔

TISایک قومی تنظیم ہے جس نے سکاٹ لینڈ میں ایسے کرایہ داروں کی اکثریت کو آزادانہ مشورہ فراہم کیا ہے جو ٹرانسفر آف انگیجمنٹس پر غور کر رہے تھے۔ وہ آپ کے خیالات سننے کے لیے آپ سے رابطہ کریں گے۔

TISمنتقلی کی حتمی تجویز کا ایک آزادانہ جائزہ بھی لے گی تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کرایہ داروں کے تمام وعدے کرایہ داروں کی خواہش کے مطابق ہیں اور اگر منتقلی ہوتی ہے تو ان کے لیے ادائیگی کی جا سکتی ہے۔

جب ہم تفصیلی مشترکہ بزنس کیس کو حتمی شکل دیتے ہیں جس میں ویسٹ آف سکاٹ لینڈ کی طرف سے منتقلی کی پیشکش شامل ہو گی تو ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ یہ آپ کی ترجیحات کے مطابق مضبوطی سے تشکیل دیا گیا ہو۔

کرایہ داروں سے مشاورت کے دوران TIS ایک مفت مشاورتی لائن فراہم کرے گی، لہٰذا اگر آپ منتقلی کی تجویز کے بارے میں کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا آپ اس عمل میں زیادہ شامل ہونا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی TISکو 0800 488 0982 پر (دفتری اوقات کے دوران) کال کریں یا info@tis.org.uk پر ای میل کریں۔

آپ ٹرانسفر فوکس گروپ میں آ کر ہمیں اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

فوکس گروپس کا اگلا دور 2 فروری 2022 کو دوپہر 2 بجے اور شام 6 بجے ہو گا۔ جاری کووڈ پابندیوں کے پیش نظر، ہم ان سیشنز کو زوم (Zoom) کے ذریعے آن لائن منعقد کریں گے۔ TIS آزادانہ طور پر میٹنگز کی صدارت کرے گی اور چیئرنگ کراس اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ دونوں کا سینئر عملہ شرکت کرے گا۔ اگر آپ شرکت کے لیے اپنی دلچسپی کا اندراج کرنا چاہتے ہیں، تو برائے مہربانی TIS سے 0800 488 0982 یا info@tis.org.ukپر رابطہ کریں۔

اگر آپ کو میٹنگ تک رسائی حاصل کرنے اور زوم استعمال کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو برائے مہربانی ہمیں بتائیں اور ہم TIS کے ذریعے اس کا بندوبست کر سکتے ہیں۔اگر آپ پہلے فوکس گروپ میں نہیں آئے تو پریشان نہ ہوں۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ اس فوکس گروپ میں آئیں۔

ہم یہ بات سمجھتے ہیں کہ ہر کوئی آن لائن میٹنگز کے ساتھ آرام دہ محسوس نہیں کرتا ہے اور اگر آپ اس پورے عمل میں آمنے سامنے ملاقاتوں کو ترجیح دیں گے تو برائے مہربانی ہمیں بتائیں، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنی پوری کوشش کریں گے کہ ہم سب کو شامل کریں۔

کیا آپ فوکس گروپس میں شامل ہونے سے قاصر ہیں؟

آپ یا تو مفت فون نمبر 0800 488 0982 پر کال کر کے یا info@tis.org.uk پر ای میل کر کے TIS کو اپنے خیالات سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

پچھلا صفحہ

آپ کو باخبر رکھنا

ہم نے یہ یقین دہانی کرنے کے لیے کہ کرایہ داروں کو منتقلی کے منصوبوں کے بارے میں مکمل طور پر مطلع کیا جائے اور ان سے مشورہ کیا جائے، ایک بہت تفصیلی اور وسیع مشاورتی منصوبہ تیار کیا ہے ہم تمام خط وکتابت (کمیونیکیشنز) کی کاپی فیکٹرڈ مالکان اور چیئرنگ کراس کے شیئر ہولڈنگ ممبران کو بھیجیں گے۔ باضابطہ مشاورت کے علاوہ جو
ہمارے لیے بزنس کیس پر اتفاق ہونے کے بعد کرنی ضروری ہے، ہم آپ کو کئی ایک طریقوں سے تازہ ترین معلومات فراہم کرتے رہیں گے:

- چیئرنگ کراس کی ویب سائٹ – چیئرنگ کراس کی ویب سائٹ پر ہمارا ایک مخصوص صفحہ ہے جس پر تازہ ترین خبریں دی جائیں گی

https://www.cxha.org.uk/transfer/
- ٹرانسفر فیس بک (Transfer Facebook) – چیئرنگ کراس نے ایک نیا ٹرانسفر فیس بک صفحہ ترتیب دیا ہے جو کہ منتقلی کی معلومات کی معلومات اور تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا – برائے مہربانی مندرجہ ذیل پتے پر ہمیں پسند (لائک) کریں اور ہمارا پیچھا (فالو) کریں https://www.facebook.com/CharingCrossHA
- منتقلی کی خبریں - ہم ٹرانسفر نیوز لیٹرز کے ذریعے اس عمل کے اہم مراحل پر تازہ ترین معلومات فراہم کرتے رہیں گے۔
- آن لائن فوکس گروپس - چیئرنگ کراس اور ویسٹ آف سکاٹ لینڈ منتقلی کے اہم مراحل پر تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے TIS کے ساتھ شراکت داری میں آن لائن فوکس گروپس کا انعقاد کریں گے۔

اس نیوز لیٹر کی اُردو ، پنجابی (ਪੰਜਾਬੀ)، آسان چینی (简体中文) اور عربی (العربية) میں ترجمہ شدہ کاپی www.cxha.org.uk سے یا 0141 333 0404پر ٹیلیفون کر کے یا transfer@cxha.org.uk پر ای میل کر کے حاصل کی جا سکتی ہے۔